## سندھی ماؤں، بہنوں، بزرگوں اورنوجوانوں کے نام لکھے گئے کھلے خط کا
## خیرمقدم اورحمایت کرنیوالوں سے الطاف حسین کا اظہارتشکر
## ہم سب ایک ہیں اورہمیں مل جل کرحقوق کی جدوجہدکرنی چاہیے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔12 جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ان تمام افراد کا شکریہ ادا کیا ہے جنہوں نے سندھی ماؤں، بہنوں، بزرگوں اورنوجوانوں کے نام لکھے گئے انکے خط کا خیرمقدم اورحمایت کی ہے۔ واضح رہے کہ جناب الطاف حسین کے کھلے خط پر سندھ بھر سے ہزاروں افراد نے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن اورمتحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر ٹیلی فون، فیکس، ای میل اورخطوط کے ذریعہ اپنے جذبات کا اظہار کیا ہے اور جناب الطاف حسین کے خط کی بھرپور حمایت کی ہے۔ جبکہ بہت سے لوگوں نے متحدہ قومی موومنٹ کے رہنماؤں اورعہدیداروں سے ملاقات کرکے اپنے نیک جذبات قائد تحریک جناب الطاف حسین تک پہنچائے ہیں ان افراد میں سندھ میں مختلف قومیتوں خصوصاً سندھی نوجوانوں، ماؤں، بہنوں اور بزرگوں کے علاوہ صحافی، اہل قلم، شاعر، ادیب، دانشور، سماجی کارکنان، ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلاء، اساتذہ، پروفیسرز، تاجر، صنعتکار اورعلمائے کرام بھی شامل ہیں۔ جناب الطاف حسین نے ان تمام افراد کا شکریہ ادا کیا ہے جنہوں نے انکے کھلے خط پر اپنے نیک جذبات کا اظہار کیا ہے اورکہا ہے کہ ہم سب ایک ہیں اورہمیں مل جل کرحقوق کی جدوجہد کرنی چاہیے۔ جناب الطاف حسین نے آخر میں دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہمارے اتحاد کونظر بد سے بچائے اور ملک کے عوام خصوصاً سندھ میں بسنے والے تمام زبانیں بولنے والے عوام کے درمیان اتحاد، بھائی چارے اورامن وآشتی کوفروغ حاصل ہو۔ آمین۔

## ایم کیوایم پنجاب کے سینئرڈپٹی آرگنائزرغیاث الدین جانبازاورلندن پریزن کے
## مسلم منسٹرحافظ مسرورالحسن سے فون پرالطاف حسین کا اظہارتعزیت

لندن۔۔۔12 جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پنجاب کے سینئرڈپٹی آرگنائزرغیاث الدین جانباز سے فون پران کی بہو کے انتقال پر تعزیت کی۔ انہوں نے غیاث الدین جانباز سے گفتگو کرتے ہوئے اپنی اورانٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے تمام ارکان کی جانب سے دلی افسوس کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اورسوگواروں کوصبر جمیل عطا کرے۔ جناب الطاف حسین نے لندن کی معروف شخصیت اورلندن پریزن کے مسلم منسٹرحافظ مسرورالحسن سے بھی فون پران کے بڑے بھائی حافظ مشکورالحسن کے انتقال پرتعزیت کی۔ حافظ مشکورالحسن کا گزشتہ دنوں کراچی میں علالت کے باعث انتقال ہوگیا تھا۔ جناب الطاف حسین نے حافظ مسرورالحسن سے ان کے بھائی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اورلواحقین کوصبر جمیل عطا کرے۔

## ایم کیوایم ماری پورسیکٹر کے کارکن عبدالرشید کے انتقال پرالطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن۔۔۔12، جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ماری پورسیکٹر یونٹ بدھنی گوٹھ کے کارکن عبدالرشید کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کوصبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔ دریں اثناء رابطہ کمیٹی نے بھی بدھنی گوٹھ کے کارکن عبدالرشید اورایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹ 141 کے فنانس سیکریٹری محمود عالم کے بڑے بھائی محمد منصور عالم کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اورسوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔

## ایم کیوایم کے کارکنانتمام قومیتوں اورمظلوموں کے جائزحقوق کیلئے کوشاں ہیں،ڈاکٹرعبدالقادرخانزادہ،سیدمنظرامام اورنگی ٹاؤن کےعلاقے لال شہبازنگرمیں منعقدہ انتخابی کارنرمیٹنگ سےحق پرست امیدواران کاخطاب

کراچی۔۔۔12،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے نامزدحق پرست امیدوار برائے این اے 242ڈاکٹرعبدالقادر خانزادہ اورحق پرست امیدوار برائے پی ایس 95سیدمنظرامام نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کے کارکنان نفرتوں کا جواب محبت سے دے رہے ہیں اورتمام قومیتوں اورمظلوموں کے جائزحقوق کیلئے کوشاں ہیں۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے اورنگی ٹاؤن کے علاقے لال شہبازنگر میں انتخابی کارنرمیٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں علاقے کے نوجوانوں، بزرگوں اورخواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔انہوں نے کہا کہ ہم ملک میں مظلوم عوام کی حکمرانی اور2فیصداستحصالی طبقہ سے چھٹکاراچاہتے ہیں تاکہ ملک کی باگ دوڑغریب ومتوسط طبقے کےعوام کے ہاتھوں میں آئے اوروہ غریب دوست پالیسیوں کا اطلاق کرکے ملک بھرکےمظلوم عوام مسائل جلدحل کرسکیں۔انہوں نے کہا کہ اسلام کالبادہ اوڑھے ہوئے نام نہاد مذہبی رہنماؤں نے ہمیشہ ملک وقوم کو مشکلات اورمسائل سے دوچارکیااورآج بھی انکی پالیسیاں واضح طورپرملک کے مفادات کےخلاف ہیں۔ڈاکٹرعبدالقادرخانزادہ اورسیدمنظرامام نےعوام سے اپیل کی کہ وہ 18فروری کے الیکشن میں حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں۔قبل ازیں حق پرست امیدواران نے محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کے سلسلے میں جامعہ مسجدسفینہ اہل بیعت، جامعہ مسجدسلیمان فارسی طوری بنگش امام بارگاہ اورامام بارگاہ سادات کوارٹرمنصورنگرمسجد جاکرانتظامیہ کےاراکین سے ملاقاتیں کیں اورانہیں قائدتحریک جناب الطاف حسین کا پیغام پہنچایا۔

## سندھ کے مستقل باشندے آپس میں اتحادومحبت اوریگانگت کوہرقیمت پربرقراررکھیں گے،ڈاکٹرایوب شیخ،معین عامر حق پرست امیدواران کاکورنگی نمبر1،2اورسیکٹرD-33میں منعقدہ عوامی اجتماعات سے خطاب

کراچی۔۔۔12،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کےحق پرست امیدوار برائے این اے 254ڈاکٹرایوب شیخ اورامیدوار برائے پی ایس125 معین عامر نے کہا ہے کہ سندھ کے مستقل باشندے آپس میں اتحادومحبت اوریگانگت کو ہرقیمت پر برقراررکھیں گے اورسازشی عناصرکے تابوت میں آخری کیل 18،فروری کے الیکشن میں ٹھونکیں گے۔وہ انتخابی مہم کے سلسلے میں کورنگی کےعلاقوں سیکٹرQ،سیکٹر32/Bاورسیکٹر33/Dایریامیں عوامی اجتماعات سے خطاب کررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ ملک کی 60سالہ تاریخ گواہ ہے کہ نام نہادسیاسی ومذہبی جماعتوں نے باربار اقتدار میں آنے کے باوجود ترقیاتی وتعمیراتی منصوبوں کوسرخ فیتے کی نذرکئے رکھا جبکہ حق پرست قیادت نے اپنے 5سالہ دورِاقتدار میں تعمیروترقی کی روشن مثالیں قائم کرکے شہرسمیت سندھ بھرمیں بلاتفریق عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کیں۔انہوں نے کہا کہ ملک اب مزید بحران کامتحمل نہیں ہوسکتا لہٰذا آئندہ انتخابات میں عوام کومکمل شعوری بیداری کا مظاہرہ کرنا ہوگا اورایسے نمائندوں کومنتخب کرنا ہوگا جوعوامی مسائل کا نہ صرف ادراک رکھتے ہوں بلکہ انہیں حل کرنے کی مکمل صلاحیت بھی رکھتے ہوں۔ڈاکٹرایوب شیخ اورمعین عامر نے کارنرمیٹنگوں کے شرکاء سے اپیل کی کہ وہ ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے آئندہ انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں اورحق پرستوں کے انتخابی نشان پتنگ پرمہرلگائیں۔

## ایم کیوایم خواتین کے خلاف بنائے گئے خودساختہ قوانین کے خلاف اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔خوش بخت شجاعت

### پاکستان چوک اکبر مینشن اور برنس روڈ میں خواتین کی کارنر میٹنگز سے خطاب

کراچی۔۔۔12،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرست امیدوار برائے این اے 250 محترمہ خوش بخت شجاعت اور امیدوار برائے پی ایس 112 مقیم عالم نے کہا ہے کہ ایم کیوایم خواتین کے خلاف بنائے گئے خودساختہ قوانین کے خلاف اپنی جدوجہد جاری رکھے گی اور مظلوم خواتین کو جائز حقوق دلا کر دم لے گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پاکستان چوک اکبر مینشن اور برنس روڈ میں منعقدہ خواتین کی کارنر میٹنگز اور جبار پلازہ صدر میں منعقدہ عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا جن میں خواتین سمیت نوجوانوں اور بزرگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں جاگیرداروں،وڈیروں،خوانین اور سرداروں کی جانب سے خودساختہ اور فرسودہ قوانین کے سبب آج بھی خواتین ظلم کا شکار ہیں اور اپنے بنیادی اور جائز حقوق سے محروم ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے کاروکاری،قرآن مجید سے شادی جیسی فرسودہ رسومات کے خلاف آواز حق بلند کی اور اس کے خلاف اسمبلیوں سے بل منظور کرائے جس سے ملک بھر کی خواتین کو تحفظ حاصل ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ خواتین کسی بھی ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے ہراول دستے کا کردار کرسکتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد اقتدار نہیں بلکہ ملک وقوم کی حالت بہتر کرنا ہے اور اسے تمام مسائل اور مشکلات سے چھٹکارا دلانا ہے۔خوش بخت شجاعت اور مقیم عالم نے الائنس آف مارکیٹ ایسوسی ایشن کے چیئرمین عتیق میر اور یونینوں کے نمائندوں سے ملاقات کی۔ملاقات میں یونینوں کے عہدیداران نے 27دسمبر سانحہ لیاقت باغ راولپنڈی کے بعد سندھ بالخصوص کراچی میں شرپسند اور مسلح دہشت گردوں کی لوٹ مار،جلاؤ گھیراؤ اور پرتشدد کارروائیوں کی مذمت کی اور اس حوالے سے متحدہ قومی موومنٹ کی کاوشوں کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جس نے ہمیشہ بگڑتی صورتحال پر نہ صرف قابو پایا بلکہ اپنا مئوثر کردار بھی ادا کیا۔اس موقع پر حق پرست امیدواران نے یونینوں کے عہدیداران کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کے کھلے خط کی کاپیاں بھی تقسیم کیں۔

## حق پرست قیادت کی عملی کاوشوں کے باعث ملک حقیقی معنوں میں ترقی کی جانب مائل ہوا،علیم الرحمٰن

### ضیاء کالونی اور نورانی بستی میں عوامی رابطہ مہم کے دوران لوگوں سے بات چیت

کراچی۔۔۔12،جنوری2008ء

صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی ایس 124 سے نامزد متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار علیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ حق پرست قیادت کی عملی کاوشوں کے باعث 60برس کے بعد ملک حقیقی معنوں میں ترقی وخوشحالی کی جانب مائل ہوا ہے اور ایسے موقع پر ملک وقوم کو متحد ومنظم ہوکر دہشت گردی اور انتہاء پسندی کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا ہوگا۔یہ بات انہوں نے اپنے حلقہ انتخاب کی ضیاء کالونی اور نورانی بستی میں عوامی رابطہ مہم کے دوران لوگوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔علیم الرحمٰن نے کہا کہ دہشت گردی اور انتہاء پسندی کے جس عفریت نے ملک کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے اس کی زیادہ تر ذمہ داری نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں پر عائد ہوتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں خودکش بم دھماکوں اور تخریب کاری کی وارداتوں میں معصوم وبے گناہ مسلمان شہید ہورہے ہیں اور حالات اس جانب دھکیلے جارہے ہیں کہ ملک انتشار کا شکار ہوا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ولولہ انگیز قیادت کے باعث ملک متعدد مرتبہ بحرانی کیفیت سے باہر آیا اور انشاءاللہ ایم کیوایم کے تمام کارکنان اور ذمہ داران ملکی مفاد،اتحاد ویکجہتی،ترقی وخوشحالی کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کرتے رہیں گے۔علیم الرحمٰن نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ محرم الحرام کے دوران وہ سازشی عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور آئندہ انتخابات میں حق پرستوں کے انتخابی نشان پتنگ پر مہر ثبت کریں۔

## فرقہ وارانہ ہم آہنگی کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی عملی کوششیں قابل تحسین ہیں، مولانا حافظ محمد سلفی، پروفیسر محمد حسن رضوی

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری کی محرم الحرام کے موقع پر علمائے کرام سے ملاقاتیں

کراچی۔۔۔12، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ہر سال کی طرح امسال بھی ایم کیوایم کی جانب سے محرم الحرام کے موقع پر قیام امن، مذہبی رواداری، بھائی چارے کے فروغ اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کے سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری ایڈوکیٹ نے معروف علمائے دین مولانا حافظ محمد سلفی اور ڈاکٹر پروفیسر محمد حسن رضوی سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں اوران سے محرم الحرام کے دوران قیام امن اور مذہبی رواداری کے قیام کیلئے اپنا کردارادا کرنے کی اپیل کی۔اس موقع پرایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے ارکان مولانا شاہ فیروزالدین رحمانی، انوررضا اور ناصر یامین بھی موجود تھے۔علماء کرام نے قیام امن وفرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ اور مذہبی رواداری قائم رکھنے کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی عملی کوششوں کو سراہا اور کہا کہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس نے فرقہ وارانہ فسادات کے خاتمے کیلئے درس وتبلیغ کا سہارا لیا اوراس سلسلے میں اپنا عملی کردارادا کیا۔انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ ماضی کی طرح محرم الحرام میں مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی فضا کو برقرار رکھیں۔

## سانحہ 27 دسمبر کے بعد جلاؤ گھیراؤ اور لوٹ مار کے واقعات سندھ کی یکجہتی کیلئے نقصان دہ ہیں۔عبدالواحد آریسر

## جسقم کے رہنما عبدالواحد آریسر کی ایم کیوایم نوابشاہ کے زونل انچارج انور سلیم کے والد کے انتقال پر رہائشگاہ جا کر تعزیت

نواب شاہ۔۔۔12، جنوری 2008ء

جئے سندھ قومی محاذ کے رہنماء عبدالواحد آریسر نے متحدہ قومی موومنٹ نواب شاہ کے زونل انچارج انور سلیم سے سکرنڈ میں واقع انکی رہائشگاہ پر ملاقات کی اوران سے انکے والد کے انتقال پر دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔انہوں نے اپنی اور جسقم کے تمام رہنماؤں کی جانب سے انور سلیم کے والد کے انتقال پر تعزیت کی اور مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔انور سلیم سے گفتگو کرتے ہوئے عبدالوحید آریسر نے کہا کہ سانحہ 27 دسمبر کے بعد سندھ اور خصوصاً نوابشاہ میں جو جلاؤ گھیراؤ اور لوٹ مار کے واقعات ہوئے ہیں وہ انتہائی قابل مذمت ہیں اور یہ سارا عمل سندھ کی یکجہتی کیلئے نقصان دہ ہے۔اس موقع پر جئے سندھ قومی محاذ (جسقم) کے رہنماء سرمد میرانی بھی موجود تھے۔

## انتخابات میں عوام ایسے نمائندوں کو ووٹ دیں جو بلاتفریق عوامی خدمت کے دعوؤں پر پورا اترتے ہوں، شیخ صلاح الدین

## نارتھ کراچی، یوپی سوسائٹی، G-11 نیو کراچی گودھرا کالونی میں کارنر میٹنگوں سے خطاب

کراچی۔۔۔12، جنوری 2008ء

قومی اسمبلی کے حلقہ 244 سے متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار شیخ صلاح الدین نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے دوران عوام اپنے درمیان فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری برقرار رکھیں اور ملک میں دہشت گردی اور انتہاء پسندی کا متحد ہوکر مقابلہ کریں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز نارتھ کراچی یوپی سوسائٹی، G-11 نیو کراچی گودھرا کالونی میں منعقدہ کارنر میٹنگوں کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔شیخ صلاح الدین نے کہا کہ ملک کی موجودہ صورتحال انتہائی نازک ہے اور ایسی صورتحال میں سیاسی ومذہبی جماعتوں سمیت تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو قومی یکجہتی کا مظاہرہ کرنا چاہئے اور سیاسی مفادات کو ترجیح دینے کے بجائے قومی مفادات کو مقدم رکھنا چاہئے۔انہوں نے کہا کہ آئندہ انتخابات ملک میں دیرپا اور پائیدار جمہوریت کیلئے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں اور انتخابات میں عوام کو ایسے نمائندوں کو ووٹ دینا چاہئے جو بلاتفریق عوامی خدمت کے دعوؤں پر پورا اترتے ہوں۔انہوں نے کہا کہ 18، فروری کو دن حق پرستوں کی فتح کا دن ہے اوراس دن عوام ثابت کردیں گے کہ وہ نہ صرف باشعور ہوچکے ہیں بلکہ نام نہاد سیاسی ومذہبی چغادریوں کو مسترد کرکے اب ملک وقوم کو ترقی وخوشحالی کی جانب گامزن دیکھنا چاہتے ہیں۔

## مسلم لیگ (ف) سائٹ ٹاؤن کے عہدیداران نے پی ایس 93 پر نامزد حق پرست امیدوار کی حمایت کا اعلان کردیا

## سائٹ ٹاؤن حیدر چارلی (بنارس) پر منعقدہ اجتماع میں کئی پختون نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

## پختون عوام انتخابات میں ایم کیوایم کے امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں گے

کراچی۔۔۔12،جنوری2008ء

مسلم لیگ (فنکشنل) سائٹ ٹاؤن کے عہدیداران نے سندھ اسمبلی کے حلقہ پی ایس 93 کی نشست پر ایم کیوایم کے نامزد امیدوار صلاح الدین کی مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز انتخابی مہم کے سلسلے میں یوسی 7 سائٹ ٹاؤن کے علاقے صحابی محلّہ میں منعقدہ کارنر میٹنگ میں کیا جس میں پختون نوجوانوں اور بزرگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر پختون معززین اور ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج خورشید مکرم اور اراکین بھی موجود تھے۔ کارنر میٹنگ میں پختون معززین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوسی 7 سائٹ ٹاؤن کے اسلامیہ محلّہ کے پہاڑی علاقے کے مکین برسوں سے پانی کو ترس رہے تھے حالانکہ اسی علاقے سے تعلق رکھنے والے عوام نے بیشمار لوگوں کو کونسلرز، یوسی ناظم، ٹاؤن ناظم منتخب کرایا اور کئی لوگوں کو اسمبلیوں میں پہنچایا لیکن کسی نے اس علاقے کی بنیادی ضروریات کو پورا نہیں کیا جبکہ متحدہ قومی موومنٹ کے منتخب نمائندوں نے ہمارے علاقے کے دیرینہ مسائل حل کرتے ہوئے یہاں پانی کی فراہمی یقینی بنائی جبکہ اس یوسی سے متحدہ قومی موومنٹ کا کوئی کونسلر نہیں ہے نہ ہی یوسی ناظم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب ہم سمجھ چکے ہیں کہ کونسی قیادت غریب عوام کے مسائل کے حل سے دلچسپی رکھتی ہے اور عملی کردار ادا کررہی ہے۔ انہوں نے پختون عوام باشعور ہوچکے ہیں اور اب وہ جرائم پیشہ افراد اور منشیات فروشوں کی پشت پناہی کرنے والے سیاسی چغادریوں کے دھوکے میں نہیں آئیں گے اور انشاءاللہ آئندہ انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کے انتخابی نشان پتنگ پر مہر لگا کر حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرائینگے۔ دریں اثناء انتخابی مہم کے سلسلے میں یوسی 5 سائٹ ٹاؤن حیدر چالی (بنارس) پر اجتماع منعقد کیا گیا جس میں پختون قومیت سے تعلق رکھنے والے کئی افراد نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا اور آئندہ انتخابات میں حق پرست امیدوار صلاح الدین کی کامیابی کیلئے گھر گھر جا کر عوامی رابطہ اور انہیں کامیاب کرانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج خورشید مکرم نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے پختون نوجوانوں اور بزرگوں کا زبردست خیرمقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔

## سانحہ راولپنڈی کے متاثرین خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں اپنی درخواست کی رجسٹریشن نمبر اور دیگر تفصیلات کے ساتھ رابطہ کریں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔12،جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سانحہ راولپنڈی کے ایسے متاثرین سے جنہوں نے اپنے نقصانات کے ازالہ کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے قائم کردہ مرکزی کمپلنٹ سیل واقع خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں اپنے کوائف جمع کروائے تھے ان سے استدعا کی ہے کہ وہ اپنی درخواست کی رجسٹریشن نمبر اور دیگر تفصیلات کے ساتھ کسی بھی روز صبح دس بجے سے رات گیارہ بجے تک کمپلنٹ سیل سے رابطہ کریں۔

☆☆☆☆☆